ی معاہدہ انسٹنٹ ٹریڈنگ لمیٹڈ (اس کے بعد کمپنی کے نام سے جانا جاتا ہے) اور پارٹنر
درمیان ہوگا - شراکت دار مندرجہ ذیل باتوں سے متفق ہوں گے :

1. عمومی نکات

   1. کمپنی اور پارٹنر اس بات پر اتفاق کرتے ہیں کہ وہ صارفین کے کمپنی کے نیٹ ورک میں لائیں گے تاکہ وہ کمپنی کی جانب سے مہیاء کئے جانے والے انسٹرومنٹس میں تجارت کر سکیں

   2. پارٹنر ان حقوق سے فرائض سے متفق ہونے کا اقرار کرتا ہے جو کہ صارفین کے کمپنی کی بروکیج سروسز میں لانے کے ضمن میں ہوتے ہیں – پارٹنر اس کے علاوہ اگے درج کئے گئے حقوق و فرائض سے بھی متفق ہونے کا اقرار کرتا ہے – اس معائدے میں تحریر کی گئیں کمٹمنٹس کو پورا کرنے کا اقرار کرتا ہے پارٹنر کمپنی کے قائم مقام کے طور پر صارفین کو کمپنی کے نیٹ ورک میں لائے گا

   3. پارٹنر بغیر کسی شرط کے اس بات سے متفق ہوتا ہے کہ اس کی جانب سے لایا گیا صآرف دراصل کمپنی کا صارف ہوگا

2. زبان

   1. اس معائدے کی بنیادی زبان انگریزی ہوگی

   2. پارٹنر کی سہولت کے لئے کمپنی اس معائدے کا ترجمہ کسی اور زبان میں فراہم کرسکتی ہے جس کا مقصد محض معلومات کی فراہمی ہوگا

   3. اگر اس معائدے کو سمجھنے میں انگریزی زبان اور ترجمے کی گئی زبان میں کوئی فرق پایا جائے تو حتمی الفاظ یا مفہوم انگریزی زبان کے مطابق اختیار کیا جائے گا

3. پارٹنر کی شناختی تصدیق

   1. کمپنی یہ حق اور اختیار رکھتی ہے کہ پارٹنر سے اندراج کے وقت فراہم کی گئی معلومات کی تصدیق کے لئے کہے سکے اس مقصد کے لئے کمپنی پارٹنر سے شناختی دستاویزات کی سکین کاپی یا نوٹری کے تصدیق شدہ کاپی فراہم کرنے کے کہے سکتی ہے جو کہ کمپنی کا صوابدید ہے

   2. اگر پارٹنر کو تصدیق کروانے کے لئے کسی قسم کی دستاویز کی سکین کاپی ارسال کرنے کی کی درخواست کمپنی کی جانب سے وصول نہیں ہوتی تو تصدیق کا ضروری لازمی خیال نہیں کیا جانا چاہیے بہرحال ممکن ہے کہ قیمت غیر مصدقہ اکاونٹ کی رسائی بعض سہولیات تک محدود کردے اس صورت میں پارٹنر اپنے طور پر یہ تصدیق عمل پورا کرسکتا ہے

   3. اگر پارٹنر کی جانب سے مہیاء کی جانے معلومات {جیسا کہ نام ،رہائشی پتے اور ٹیلی فون نمبر وغیرہ} تبدیل ہوتے ہیں تو پارٹنر کو فوری طور پر پارٹنر ریلیشن ڈیپارٹمنٹ میں اطلاع دینی چاہیے تاکہ ان معلومات کو کمپنی کے ریکارڈ میں درست کیا جاسکے

   4. پارٹنر اس بات سے اتفاق کرتا ہے اور اقرار کرتا ہے کہ اندراج کے وقت فراہم کی گئیں معلومات کمپنی کی جانب سے اینٹی منی لانڈرنگ پروگرام میں استعمال کیا جاسکتی ہے

   5. پارٹنر اس بات کا ذمے دار ہے کہ اس کی جانب سے فراہم کی جانے والی تصدیقی دستاویزات پر اعتبار سے درست ہوں اور یہ کہ وہ اس بات سے آگاہ ہے کہ کمپنی اس ملک کے قانونی اداروں سے اس دستاویزات کی تصدیق کے لئے رابطہ کرسکتی ہے کہ اگر کمپنی کو ان کی صحت کے حوالے سے شکوک و شبہات ہوں- کسی بھی قسم کی بے ضابطگی کی صورت میں کمپنی متعلقہ مُلک میں قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتی ہے

2. صارف کے ساتھ تعلق

   1. پارٹنر اگر چاہے تو متوقع صارف کو کمپنی کے حوالے سے کوئی بھی تشہیری معلومات فراہم کرسکتا ہے کہ جو کہ کمپنی کے ویب سائٹ پر موجود نہیں یا وہ مواد بھی کو صارف کے پہنچا سکتا ہے جو کہ کمپنی کی جانب سے مصدقہ ہو

2. پارٹنر کمپنی کو صارف کی جانب سے ای صارف کے لئے فراہم کی تمام تصدیق دستاویزات کے درست ہونے کی ضمانت فراہم کرتا ہے

3. پارٹنر صارف کو کمپنی کے ساتھ بروکیج سروس کنٹریکٹ میں شامل ہونے کے لئے تمام ضروری اور مصدقہ معلومات فراہم کرسکتا ہے جس میں کنٹریکٹ کی تفصیلات اور کمپنی سروسز کی تفصیلات شامل ہوسکتی ہیں

4. پارٹنر پر یہ لازم ہے کہ وہ صارف کو یہ پبلک آفر ایگریمنٹ سائن کرنے سے قبل کرنسی کی تجارت میں موجود نقصان کے احتمال سے مطلع کرے گا

5. صارف کو تجارت کے لئے مائل کرنے کی خاطر تجاویز اور معلومات کا مہیاء کرنا کمپنی کے سروس پلان کا حصہ نہیں ہے – مخصوص صورت میں کمپنی کے پاس یہ حق ہے کہ وہ معلومات ، تجاویز ، نصائح صارف کو اپنے صوابدید پر فراہم کرے بہرحال کمپنی ایسی کسی بھی فراہم کی گئی تجویز کی صورت میں پیدا ہونے والے صورتحال کی ذمہ داری قبول نہیں کرتی و تمام تجارتی لین دین جو کہ کسی غیر مصدقہ اطلاع یا کسی غلطی سے انجام دیا گیا ہو اس کا اثر ہوگا اور کمپنی اور صارف پر براہ میں عمل کرتے ہیں

6. پارٹنر کو تجارتی اکاونٹ میں کسی بھی قسم کے تجارتی لین دین کے حوالے صارف کو کسی تجویز اور نصیحت کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے – بصورت دیگر کمپنی اس صورت میں پیدا ہونے والے حالات کی کوئی ذمہ دار قبول نہیں کرتے گی

3. پارٹنر کے حقوق و فرائض

1. یہ پارٹنر کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ نئے صارف کو کمپنی کے نیٹ ورک میں لائے تاکہ وہ کمپنی کی بروکیج سروسز کو استعمال کرسکے اور کمپنی کے شرائط و ضوابط کے تحت بین الاقوامی فنانشل مارکیٹ میں تجارتی لین دین کرسکے

2. یہ پارٹنر کی ذمہ داری ہے کہ وہ کمپنی کے ساتھ ایک ایفی لی ایٹ اکاونٹ اوپن کرنے کے جس میں کمپنی کی جانب سے کمیشن حاصل کرسکے

3. یہ پارٹنر کی ذمہ داری ہے کہ اُس کو کمپنی کی سروسز کا مکمل احاطہ ہو اور بین الاقوامی فنانشل مارکیٹ کا سیر حاصل تجربہ و عمل ہو

4. یہ پارٹنر کی ذمہ داری ہے کہ وہ کمپنی کے حوالے سے تمام معلومات کا مطالعہ اپنے طور پر کرے گا اور صارفین کو کسی بھی نہ والے امر تبدیلی سے آگاہ کرے

5. یہ پارٹنر کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے ایفی لی ایٹ گروپ کے ممبران کو جامع معلومات اور قانونی مشاورت فراہم کرے اور یہ صارف کی ان مشکلات کو حل کرنے میں اپنا کردار کرے کے جن کا سامنا وہ بین الاقوامی فنانشل مارکیٹ میں کام کرتے ہوئے کرسکتے ہیں

6. یہ پارٹنر کی ذمہ داری ہے کہ کمپنی کی جانب سے مہیاء کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے تمام سوالات کے جوابات کمپنی کو فراہم کرے

7. پارٹنر کے پاس یہ حق نہیں ہے کہ وہ کوئی ذیلی ایجنسی اور کوئی معائدہ کرسکے جو کے پارٹنر کے اختیار کو جزوی یا مکمل طور پر کسی اور تفویض کرتا ہو یا یہ کے کمپنی سے پیشگی تحریری اجازت کے بغیر اپنے اختیارات کسی تیسرے فریق کو دے – کسی اور اپنے اختیارات تفویض کرنا کمپنی کی پیشگی اجازت کے ساتھ ہی ممکن ہے

8. اگر پارٹنر اپنے طور پر صارف کو پیش آنے والے مشکل حل کرنے میں ناکام رہے تو اُس پر لازم ہے کہ وہ کمپنی کے مارکے ساتھ تمام مطلوبہ معلومات {اکاونٹ نمبر ، ٹکٹ نمبر اور وقت وغیرہ} کے ساتھ رابطہ کرے

9. پارٹنر کے پاس یہ حق ہے کہ وہ اپنے طور پر مارکیٹنگ اور تشہیری کیمپین / مہم چلا سکے لیکن کے لئے کمپنی کا اس مہم کی اجازت دینا ضروری ہے

10. دوسرے الفاظ میں، یہ نئے صارفین کو تلاش کے انجن جیسے Bing، Google، وغیرہ کی طرف راغب کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے

11. پارٹنر کے پاس یہ حق ہے کہ وہ اپنی تجارتی اکاونٹ میں رقم جمع کرواسکے اور پبلک آفر آیگریمنٹ کے مطابق نکلوا سکے

12. جیسا کے پبلک آفر ایگریمنٹ میں تحریر کیا گیا ہے ایفی لی ایٹ اکاونٹ ایک پرائیوٹ

صارف اکاونٹ کی قسم ۔ مثلا پارٹنر کے پاس یہ حق ہے کہ وہ اس اکاونٹ میں تجارت کرسکے – چونکہ
صآرفین کے جانب سے اکاونٹ میں رقم جمع کروانے کے لئے مختلف کرنسیاں استعمال کی جاتی
ہیں اور یہ ان کے ایکسینج ریٹ میں مسلسل تبدیلی ہورہی ہوتی ہے لہذا کمپنی کے پاس یہ حق ہے کہ وہ
پارٹنر کے ساتھ لین دین کے لئے ان کی اوسط استعمال کرسکے

13. کمپنی کی سروسز یا کاروبار چلانے میں اگر کوئی مشکل درپیش ہو تو پارٹنر کے پاس یہ حق ہے
کہ وہ کمپنی کے ساتھ مطلوبہ تفصیلات کے ساتھ رابطہ کرے تاکہ کمپنی پارٹنر کے ساتھ
رابطہ میں رہتے ہوئے مشکل حل کرسکے

14. پارٹنر صرف اسی صورت میں صارف کے تجارتی اکاونٹ میں تجارت کرسکتا ہے کہ جب اس کی
تحریری اجازت حاصل کی گئی ہو

15. پارٹنر کے پاس یہ حق نہیں ہے کہ وہ صارف کے ساتھ کوئی سیٹلمنٹ کرسکے { نقد کیش یا نقدان
کیش اور نقد فارن اور نقد کی مقامی کرنسی} میں کوئی رقم ، نقد سیکورٹی اور نقد کی صارف کی
کوئی اور پراپرٹی-

16. پارٹنر کے پاس یہ حق ہے کہ وہ تشہیری مہم کی افادیت جانچ سکے اس کے لئے وہ کسٹم ایفی لی ایٹ
کوڈ اور کمپنی کی جانب سے فراہم کئے جانے والے شمارایات استعمال کرسکتا ہے

17. پارٹنر کے پاس یہ حق ہے کہ وہ تشہیری مواد استعمال کرسکے جو کہ کمپنی کی جانب سے فراہم کیا
جاتا ہے جیسا کہ بینرز ، ویجٹس / انفارمرز ، ٹیکسٹ لنکس ، لینڈنگ پیجز وغیرہ

18. پارٹنر کے پاس یہ حق ہے کہ وہ کمپنی کے برانڈ کو تشہیری مقاصد کے لئے استعمال کرسکے

19. پارٹنر کے پاس یہ حق ہے کہ وہ دوسرے پارٹنرز کو راغب کرسکے اور ان کے لائے ہوئے صارف کی ٹریڈ میں
سے بھی کمیشن حاصل کرسکے

20. پارٹنر کے پاس یہ حق کہ وہ فاریکس کاپی فالورز بناسکے اور اس سے کمیشن حاصل کرسکے

21. پارٹنر کے پاس یہ حق ہے کہ وہ پی اے ایم ایم پروگرام میں ٹریڈر کو لاتے ہوئے اس کی ٹریڈ سے
کمیشن حاصل کرسکے

22. پارٹنر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ پی اے ایم ایم اوینسٹر کو لاتے ہوئے نفع میں سے وہ حصہ لے سکے جو کہ
ٹریڈر کی جانب ڈیل کے نفع بخش ہونے پر منتخب کیا گیا ہو

23. پارٹنر کے پاس یہ حق کہ وہ ایفی لی ایٹ اکاونٹ میں تجارت کرسکے

4. کمپنی کے حقوق و فرائض

1. کمپنی پر یہ لازم ہے کہ وہ پارٹنر کی جانب سے لائے گئے صارف کے لئے اکاونٹ کھولے

2. کپنمی صارف کو اس قابل کرے کہ وہ کمپنی کا سسٹم استعمال کرتے ہوئے تجارت کرسکے جس کے
لئے وہ لانگ ان اور پاس ورڈ فراہم کرے گی

3. یہ کمپنی پر لازم ہے کہ وہ صارف کی جانب سے تجارتی اکاونٹ میں کئے جانے تمام کام کا ریکارڈ
رکھے

4. کمپنی صارف کو معائدے کا مواد فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ وہ شرائط و ضوابط بھی فراہم کرے گی
کے جن کے تحت صارف فارن ایکسینج میں تجارت کرسکے

5. یہ کمپنی کی ذمے داری ہے کہ وہ پارٹنر کو ماہانہ انکم اور ایکس پینس شیٹ کی بنیاد پر ادائیگی
کرے جس کا طریقہ کار شق نمبر 10 میں درج کیا گیا ہے

6. کمپنی کے پاس یہ حق ہے کہ وہ پارٹنر کے صارفین کو راغب کرنے کے حوالے سے مکمل طور اور نتائج کو
طلب کرسکے

7. کمپنی کے پاس کے حق کہ وہ معائدے کو منسوخ کردے کہ اگر پارٹنر اندراج کے 30 دن کے اندر اندر 3 یا
اس سے ذائد صارفین کو اپنے ایفی لی ایٹ پروگرام میں نہیں لاتا – اگر پارٹنر فرد واحد ہے تو وہ
اپنے قریبی رشتے دار کو اس معائدے میں نہیں لاسکتا اور اگر کوئی ادارہ ہے تو اس ادارے کے باینی کا
قریبی رشتے دار اس کے اکاونٹ میں شامل نہیں ہوسکتا اور اسی طرح پارٹنر اپنا بھی کوئی
اکاونٹ اس میں شامل نہیں کرسکتا

8. کپمنی کے پاس یہ حق ہے کہ وہ کسی بھی ایسے اکاونٹ کو ایفی لی ایٹ اکاونٹ سے نکال دے جو کہ

اندراج کے 30 دن کے اندر اندر ری چارج نہ کیا گیا ہو

9. اس معاہدے میں یہ کی گئی شرائط میں سے اگر پارٹنر کوئی شرط مکمل کرنے میں ناکام رہتا ہے تو یہ کمپنی کے پاس یہ حق ہے کہ وہ صارف کو ایفی لی ایٹ اکاؤنٹ سے باہر نکال دے

10. کمپنی اس معاہدے کے مطابق یہ حق رکھتی ہے کہ ایفی لی ایٹ گروپ کے صارف کو یہ بتا سکے کہ اُس کے بین الاقوامی فاریکس مارکیٹ میں کام کرنے سے پارٹنر کے کنٹینگ کمیشن بنائی ہے

11. کمپنی یہ حق رکھتی ہے کہ اگر پارٹنر اس معاہدے کی کسی شق کی خلاف ورزی کرے تو وہ معاہدہ صوابدید پر منسوخ کردے

12. کمپنی کے پاس یہ حق ہے کہ وہ اس معاہدے اور ضمیمہ جات میں بیان کئے گئے دوسرے امور کو انجام دے

5. پارٹنر کے کام کے اصول اور نئے صارفین کو راغب کرنا

1. پارٹنر کے پاس یہ حق ہے کہ وہ کمپنی کے کاروبار کی حوالے سے ایک ویب سائٹ بنا سکے جس میں بین الاقوامی فاریکس مارکیٹ اور بروکیج ، ڈیلرز اور سرمایہ کاری کے حوالے سے معلومات درج ہوں جو کے کلاز نمبر 3 کے مطابق ہے

2. صارف ایفی لی ایٹ گروپ میں شامل ہونے کے لئے درج ذیل میں سے کوئی بھی طریقہ استعمال کرسکتا ہے

1. صارف ایفی لی ایٹ لنک کو استعمال کرتے ہوئے کمپنی کی ویب سائٹ پر آسکتا ہے

2. صآرف اکاؤنٹ اوپنگ فارم میں اکاؤنٹ اوپن کرتے ہوئے ایفی لی کوڈ درج کرسکتا ہے

3. پارٹنر کمپنی کو صارف کی جانب سے دستخط شدہ صارف کا تصدیق فارم جمع کروائے گا

3. صارف چاہے تو پارٹنر کی سہولیات لینے سے انکار کرسکتا ہے اور کمپنی کے ساتھ براہ راست کام کرسکتا ہے

4. مقابلے کے غیر مناسب ماحول سے اجتناب کے لئے اس بات کی اجازت نہیں ہے کہ صارف کو ایک ایفی لی ایٹ گروپ سے کسی دوسرے ایفی لی ایٹ گروپ میں شامل کیا جائے – اس معاہدے کی اس شق کا اطلاق ان موجود صارفین پر بھی ہوتا ہے کہ وہ موجود صارفین جو کہ کسی ایفی لی ایٹ گروپ میں شامل ہونے کے لئے نیا اکاؤنٹ کھول رہے ہوں نوٹ : صارف کمپنی سے یہ بات پوچھ سکتا ہے کہ اس کو کسی اور ایفی لی ایٹ گروپ میں کیوں منتقل کیا گیا ہے جس کا جواب پر درخواست کے لئے الگ سے دے سکتی ہے

5. پارٹنر اپنے ہی اکاؤنٹ سے ایفی لی ایٹ اکاؤنٹ کمیشن نہیں لے سکے گا اور نہ ہی اپنے قریبی رشتے داروں کے اکاؤنٹ سے لی جاسکتی ہے اور یہ ہی کسی کمپنی کی صورت میں مالک کے ذاتی اور اس کے قریبی رشتے داروں کے اکاؤنٹ سے لی جاسکتی ہے

6. پارٹنر پر یہ لازم ہے کہ وہ صآرفین کو متوجہ کرنے کے لئے غیر اخلاقی / غیر ضروری طریقے کار استعمال نہ کرے جو کے ایک طریقہ یہ ہوسکتا ہے وہ صارف کو اس کی منشاء کے بغیر کمپنی کی ویب سائٹ پر ری ڈائریکٹ کرے اور اس کا اندراج ایفی لی ایٹ گروپ میں کروائے اور اس سے ملتے جُلتے اور طریقے بھی قابل قبول نہیں ہیں

6. متنازعے امور کا حل

1. پارٹنر کے پاس یہ حق ہے کہ کمپنی کو شکایت نوٹ کروا سکے لیکن یہ کسی بھی مسئلے کے ہونے کے 5 روز کے اندر اندر ہونا ضروری ہے

2. کمپنی کے خلاف صارف کا کوئی بھی کلیم کمپنی کو تحریری صورت میں جو کے کمپنی کو بذریعے ڈاک ارسال کیا گیا ہو یا پھر یہ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود کمپنی کے آفیشل ای میل کے بذریعے ای میل ارسال کرنا ضروری ہے – کسی اور ذریعے سے کیا گیا کلیمز جیسے کے ٹیلی فون اور فورم وغیرہ قابل قبول نہیں ہوگا

3. کلیم کرتے ہوئے یہ معلومات ضروری ہیں : پارٹنر یا پارٹنر کی کمپنی کا مکمل نام ، تنازعے کی تمام تفصیلات اور دوسرے تمام ضروری معلومات جو کے اس ضمن میں معاونت کرسکیں – جب کے کلیم میں درج ذیل باتیں شامل نہیں ہونی چاہیں جیسا کے جذباتی باتیں ، کمپنی کو گالم گلوچ یا حلفیہ الفاظ وغیرہ

4. کمپنی کے پاس یہ حق ہے کہ وہ صارف / پارٹنر سے تنازعہ کے حل کے درکار ضروری معلومات حاصل کرسکے۔

5. کمپنی کے پاس یہ حق ہے کہ وہ کسی بھی کلیم کو منسوخ کردے کہ اگر وہ شق نمبر 2۔6 ، 3۔6 ، 4۔6 ، 3۔7 سے مطابقت نہ رکھتا ہو۔

6. یہ کمپنی کی ذمہ داری ہے کہ وہ پارٹنر کے کلیم کا مکمل جائزہ لے جتنی جلد ممکن ہو سکے لیکن کسی بھی مسئلے کی جانچ پڑتال کے لئے مسئلے کے حوالے سے پارٹنر کو بذریعہ ای میل مطلع کرے۔ کسی بھی مسئلے کی جانچ پڑتال کے لئے مسئلے داخل ہونے کے بعد سے زیادہ سے زیادہ 10 روز لئے جاسکتے ہیں۔

7. اس معاہدے کے توجیح / تفصیل / توضیح کے حوالے سے متعلقہ امور گُفت و شنید سے حل کئے جائیں گے۔

8. کوئی بھی تنازعہ ثالثی کے لئے پیش کیا جاسکتا ہے جو کہ مسئلے کے حل کی جانب ایک قدم ہوسکتا ہے – ثالثی کی درخواست کی جاسکے گی کہ اگر کلیم پر کوئی تسلی بخش حل نہ ملے اور ای یہ کہ جواب کے لئے مخصوص دورانیے میں کوئی جواب نہ ملے جو کہ یہاں شق نمبر 5۔6 ، 2۔7 اور 3۔7 میں درج ہیں

7. تفصیلات کا تبادلہ

1. کمپنی پارٹنر کے ساتھ درج ذیل میں سے کسی بھی ذریعے مواصلات کو استعمال کرتے ہوئے کرسکتی ہے

   1. ای میل
   2. فکس
   3. pفون
   4. پوسٹ آفس
   5. کمپنی ویب سائٹ کے متعلقہ حصے میں اطلاع دیتے ہوئے
   6. رابطے کا کوئی اور برقی طریقہ کمپنی کی جانب سے استعمال کیا جاسکتا ہے جیسا کہ {سکائپ ، آئی سی کیو وغیرہ}

2. پارٹنر بھی کمپنی سے ساتھ یہاں شق نمبر 1۔7 میں درج کئے گئے کسی بھی مواصلاتی ذریعے کے ساتھ رابطے کرسکتا ہے

3. پیغامات ، دستاویزات ، اعلانات ، اطلاعات ، رپورٹس وغیرہ کا جاری ہونا یہ دوسرے فریق پر پیغام کا پہنچنا خیال کیا جائے گا

   1. ای میل کے ایک گھنٹے بعد
   2. تجارتی ٹرمینل کے انٹرل میں سسٹم کے ذریعے پیغام بھیجنے کے ایک گھنٹے بعد
   3. بذریعے فکس پیغام رسانی کے ایک گھنٹے بعد
   4. ٹیلی فون ختم ہونے کے فوری بعد
   5. کسی دستاویز کے ارسال کئے جانے کے 7 روز کے بعد
   6. کمپنی کی ویب سائٹ پر تشہیر کے ایک گھنٹے کے بعد

8. راز داران معلومات

1. پارٹنر کے پاس یہ حق نہیں ہے کہ وہ کمپنی کی جانب سے موصول ہونے والے کوئی معلومات کسی اور کو فراہم کرسکے جو نہ تو اس معاہدے کی مدت کے دوران کی جاسکتی ہیں اور نہ ہی اس معاہدے کے منسوخی کے 5 سال تک کی جاسکتی ہیں

2. پارٹنر کے پاس یہ حق نہیں ہے کہ وہ کمپنی کی اہم معلومات جو کہ اس کے کاروبار یا سروسز کے حوالے سے ہوں کسی مقابل کمپنی کو فراہم کرسکے

3. فریقین صارفین کی ذاتی معلومات کی حفاظت یقینی بنائیں گے اور اس کے ساتھ ساتھ صارف کے اکاونٹ اور اس کی ٹریڈ کی معلومات بھی حفاظت کے بھی ضامن ہیں

9. آمدن اور با۔مے سیٹلمنٹ

1. اگر کسی اکاونٹ کی ڈیلی کمیشن 500 ڈالر سے زیادہ اور لائے گئے ایکٹیو کلائنٹس 10 سے کم ہوں تو کمپنی یہ حق رکھتی ہے کہ کمیشن میں تبدیلی کرسکے اور اپنے طور پر اس کو 50 پپس تک محدود کردے۔

2. کمپنی پارٹنر کو ایفی لی ایٹ کمیشن صرف اسی صورت میں ادا کرے گی کہ اگر پارٹنر کی جانب سے لائے گئے صارفین کی تعداد تین سے کم نہ ہو۔

3. کمپنی پارٹنر کو کمیشن اس معاہدے کے ضمیمہ نمبر ایک کے مطابق ادا کریگی – کمیشن ایفی لی ایٹ گروپ کے صارفین کے تمام اکاونٹس کی ایک مہینے کی اوسط ایکوٹی کے 50 فیصد سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے اس کا تعین اس طرح کیا جائے گا کہ کسی ایک مہینے کا آغاز اور اختتام پر موجود کُل ایکوٹی کو جمع کرے 2 پر تقسیم کرنے اور کو ایکوٹی بنے۔

4. کمیشن کا شمار کرتے ہوئے کمپنی کے پاس یہ حق ہے کہ وہ صارف کی اُن ٹریڈز کا شمار نہ کرے جو کہ تجارتی پلیٹ فارم کی غلطی سے ہوئی ہوں اور ایسے صارف کو ایفی لی ایٹ گروپ سے باہر نکال دے۔

5. اگر کسی ایک صارف کی ٹریڈ سے حاصل ہونے والی کمیشن اُس کمیشن کی مجموعی رقم کے 30 فیصد سے زیادہ ہو اس صورت میں اس معاہدے کی شق نمبر 5۔5 کی خلاف ورزی عمل میں آتی ہے اور کمپنی یہ حق رکھتی ہے کہ ایسی کمشین کو ادا نہ کرے اور اس صارف کو ایفی لی ایٹ اکاونٹ سے خارج کردے۔

6. اگر لائے گئے صارف کی جانب سے لگائے گئے آڑرز میں انسٹنٹ ٹریڈنگ لمیٹڈ کے عمومی قواعد ، بونس سسٹم کی خلاف ورزی پائی گئی ہو اور اس اکاونٹ سے کمیشن بھی حاصل ہوئی ہو ای صارف کسی ایسی حکمت عمل کا مرتکب ہوا ہو کہ جس کا مقصد ایفی الی ایٹ کمیشن حاصل کرنا ہو بنیادی تجارت کو بذریعہ ریبٹ متاثر کرنا مقصود ہو { جس میں یہ صورت شامل ہو لیکن یہ اس تک محدود نہ کہ ایسی حکمت عملی صارف کے اکاونٹ اور ایفی لی ایٹ اکاونٹ کی عمومی حکمت عملی کا حصہ ہو} کمپنی یہ حق رکھتی ہے کہ ایسے اکاونٹ سے حاصل ہونے والی کمیشن کو منسوخ کردے اور آرف کو اس ایفی لی ایٹ گروپ سے نکال دے۔

7. اگر پارٹنر کا اندراج کے وقت فراہم کیا گیا ڈیٹا مکمل یا جزوی طور پر اس کے ایفی لی ایٹ گروپ میں موجود کسی صارف سے ملتا ہو تو کپمنی اتفاق کو بنیاد بناتے ہوئے ایفی لی ایٹ گروپ پر اس معاہدے کی شق نمبر 5۔5 اور 5۔9 کا اطلاق مکمل طور پر کرسکتی ہے۔

8. اگر صارف کے اکاونٹ میں اور ایفی لی ایٹ گروپ میں استعمال ہونے والا آئی پی ایڈریس ایک دوسرے سے ملتے ہوں تو اس وجہ سے اس ایفی لی ایٹ اکاونٹ پر اس معاہدے کی شق نمبر 5۔5 اور 5۔9 کا اطلاق جزوی یا مکمل پر کرسکتی ہے۔

9. کمیشن کے حصول کے لئے کی گئی کسی بھی غیر قانونی کوشش جو کہ ریفر کئے گئے اکاونٹ کسی ایسے اکاونٹ سے جو کہ جو کہ فرضی نام سے بنا ہو کمپنی یہ حق رکھتی ہے کہ ان ٹریڈز پر کمیشن ادا نہ کرے کہ جس میں 3 پپس کم نفع بنا ہو

10. کمپنی یہ حق رکھتی ہے کہ اگر وہ پارٹنر کے کام میں ایفی لی ایٹ پروگرام کے قواعد کی خلاف ورزی کرے – مستقل مزاجی نہ پائے تو اس کو اس معاہدے کی شق نمبر 1۔3 اور 4۔5 کی خلاف ورزی تصور کرے – ایسے صارفین جو کہ اس معاہدے کی اوپر بنیان کی گئی شقوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے لائے گئے ہوں کو گروپ سے نکال دیا جائے گا اور ان اکاونٹ سے بنے ہوئے کمیشن مکمل طور پر منسوخ کردیے جائے گے

11. مالیاتی بنیادوں پر پارٹنر کے پاس یہ حق ہے کہ کمپنی کو یہ درخواست دے سکے کہ ریفر کئے گئے صارفین کی تعداد ، ان کے اکاونٹ نمبرز اور تجارتی لین دین کے نتائج کو جان سکے۔

12. صارف کے ٹریڈ کلوز کرتے ہی کمیشن ایفی لی ایٹ اکاونٹ میں جمع ہوجاتی ہے – اگر کسی صورت میں صارف کا اکاونٹ اور ایفی لی ایٹ اکاونٹ کمپنی کے دو مختلف سرورز پر ہوں تو یہ کمیشن ٹریڈ کلوز ہونے کے الگ روز جمع ہو گی

13. کمپنی یہ حق رکھتی ہے کہ اُس ٹریڈ پر کمیشن نہ دے کہ جس کا مارجن بونس کی رقم سے ادا گیا ہو اس شق کا تعلق اس کمیشن سے ہے جو کہ پلیٹ فارم کی کریڈٹ کی جانچ کی ہو- ایسے بونس پروگرام کا صارف ایفی لی ایٹ گروپ سے باہر کیا جاسکتا ہے۔

14. اگر صارف کا تعلق کسی ایفی لی ایٹ گروپ سے ہو اور س کے کمپنی کے ڈیلنگ ڈیپارٹمنٹ سے اُس آڑ کے کلیم کے حوالے سے رابطہ کیا ہو کہ جس پر پارٹنر کو کمیشن ملی ہو اس صورت میں

کمپنی ی حق رکھتی ہے کہ اس آڈر کی کمیشن کو کُلی طور پر منسوخ کرے۔

15. اگر صارف کی جانب سے کسی ٹریڈ میں نفع 5 پپس سے زیادہ ہو تو کمپنی ی حق رکھتی ہے تو اسی ٹریڈ سے حاصل ہونے والی کمیشن کو ایڈجسٹ کرے۔

16. اگر کسی ایک خاص تجارتی اکاونٹ سے بننے والی کمیشن اس اکاونٹ میں صارف کی جانب سے جمع کروائی گئی رقم کے 60 فیصد سے زائد ہو {مثلا اگر 1000 ڈالر والے اکاونٹ میں بننے والی رقم 600 ڈالر سے زیادہ ہو} تو کمپنی ی حق رکھتی ہے کہ کمپنی اس رقم کو 60 فیصد تک محدود کرنے کا حق رکھتی ہے

17. کمپنی پارٹنر کو کمیشن اس معاہدے کے ضمیمہ نمبر ایک کے مطابق ادا کرے گی

18. فریقین اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ وہ تمام ٹیکس اور کسی تیسرے فریق کو ادائیگی کا تمام حساب خود لگانے کے بعد اس کی ادائیگی بھی اپنے طور پر ہی کرے گی

19. کمیشن کا نکلوانا ان شرائط کے تحت ہوگا جو کہ پے منٹ سسٹم میں درج ہیں بصورت دیگر اگر ریفرل کی جانب سے کمیشن کی ادائیگی کریڈٹ کارڈ کا کسی دوسرے سسٹم سے کی گئی ہو تو یہ ادائیگی اس روز سے 45 روز کا وقت لے سکتی ہے کہ جب آخری ادائیگی کی گئی ہو جب کہ اس میں مزید اضافے بھی متوقع ہے – اس پابندی کے اطلاق کے حوالے سے کمپنی پارٹنر کو مطلع کرے گی

10. حتمی نکات

1. یہ معاہدہ تب سے قابل عمل ہوگا کہ جب فریقین اس معاہدے پر دستخط کریں گے

2. یہ معاہدہ دستخط ہونے کے بعد سے 12 ماہ تب نافذ العمل رہے گا

3. اگر اس معاہدے پر مکمل عمل داری ہوتی رہے تو اس معاہدے کو غیر معینہ مدت کے لئے طوالت دی جاسکتی ہے

4. کمپنی کے پاس یہ حق ہوگا کہ وہ اس معاہدے میں ترمیم یا اضافے کرسکے اور اس کے لئے وہ 5 دن قبل نوٹس دے گی

5. کوئی بھی فریق دوسرے فریق کو 5 روز قبل نوٹس دیتے ہوئے اس معاہدے کو منسوخ کرسکتا ہے

6. کوئی بھی فریق اگر اس معاہدے میں بیان کی گئی ذمے داریوں کی مسلسل خلاف ورزی کا مرتکب ہو یا کسی اور شق کی خلاف ورزی کا مسلسل مرتکب ہو تو فریق ثانی اس معاہدے کی منسوخی کے لئے کورٹ میں جانے کا حق رکھتا ہے

7. کوئی ترمیم ، اضافے یا ضمیمے اس وقت تک قابل عمل نہیں سکتا ہے کہ جب تک دونوں فریقین کے ان نمائندگان کی جانب سے اس مخصوص دورانیے کے اندر اندر دستخط نہ کیے گیے ہو جو کہ اس ترمیم ، اضافے یا ضمیمے میں درج ہے – اگر اس ترمیم ، اضافے یا ضمیمے کے نافذ العمل ہونے کی کوئی تاریخ درج نہ ہو تو اس کا اطلاق دستخط کرنے کے بعد سے ہوگا

8. اس معاہدے اور اس کے ضمیمے جات کی دو دو کاپیاں بنے گی جو کہ ہر فریق کے پاس ایک ایک رہے گی جس کی حیثیت ایک جیسی ہوگی

ضمیمہ : باہمی رضامندی

1. کمپنی پارٹنر کو پر لائے گئے صارف کی جانب سے کی جانے تمام ٹریڈز پر نفع دے گی قطع نظر اس کے کہ صارف کو نفع ہوتا ہے یا نقصان

2. ایفی لی ایٹ کمیشن کی رقم

1. کمپنی پارٹنر کو ہر فاریکس میجر انسٹرومنٹ کی ٹریڈ پر 5۔1 پپس کی کمیشن ادا کرے گی

2. کمپنی پارٹنر کو سی ایف ڈی پر کی گئی ہر ٹریڈ پر 2۔1 پپس کی کمیشن ادا کرے گی

3. کمپنی پارٹنر کو سونے پر کی گئی ٹریڈ پر 20 آڈرز اور سلور کی ٹریڈ پر 10 آڈرز کمیشن ادا کرے گی

4. کمپنی پارٹنر کو صارف سے فیوچر کنٹریکٹ پر لی گئی فیس کا 3۔33 فیصد ادا کرے گی

5. ایفی لی ایٹ کمیشن کا تعین فاریکس ، سی ایف ڈیز اور دھاتوں کے لئے ایک لاٹ کے حساب سے کیا جائے گا

6. جو گاہک 55 فیصد بونس لیتے ہیں ان کے کمیشن کا معیار2/3 ہے، جو گاہک اسٹارٹپ بونس100 فیصد لیتے ہیں ان کے کمیشن کا معیار50 فیصد ہے

3. کوئی اور ادائیگی بھی ممکن ہوسکتی ہے کہ اگر کمپنی اور پارٹنر اس پر باہمی رضامندی کسی معائدے کے تحت طآہر کریں